Annexure-1

Sr. No.	Safety Precautions for the General Public	عوام الناس کے لیے حفاظتی احتیاطی تدابیر
1.	Install overcurrent protective devices, fuses, or circuit breakers of the correct rating in electrical systems for residential units, offices, educational institutions, healthcare facilities, commercial, agricultural, construction, and industrial sites. For human protection, it is recommended to install a Residual Current Circuit Breaker (RCCB) or a Residual Current Device (RCD). These breakers detect leakage currents, such as when electricity flows through a person due to a fault, and disconnect the circuit to prevent electric shock.	رہائشی یونٹس، دفاتر، تعلیمی اداروں، صحت کے مراکز، تجارتی، زرعی، تعمیراتی اور صنعتی مقامات پر درست درجہ بندی کے اوور کرنٹ حفاظتی آلات، فیوز یا سرکٹ بریکر نصب کریں۔ انسانی تحفظ کے لیے ریزیڈیول کرنٹ سرکٹ بریکر (آر سی بی) یا ریزیڈیول کرنٹ ڈیوائس (آر سی ڈی) کی تنصیب کریں۔ یہ بریکرز اس وقت کرنٹ کے اخراج کا پتہ لگاتے ہیں جب بجلی کسی خرابی کی وجہ سے انسانی جسم سے گزرنے لگتی ہے اور فوری طور پر سرکٹ کو منقطع کر کے برقی جھٹکے سے بچاتے ہیں۔
2.	An RCCB/RCD with a 30mA sensitivity is commonly used for household protection, as it quickly detects even small current leaks and disconnects the power to minimize harm. Additionally, using an RCBO (Residual Current Breaker with Overcurrent Protection) can provide combined protection against both leakage currents and overcurrent/short circuits. This will minimize the potential for electric shocks, fires, or equipment damage resulting from faults or short-circuit currents.	آر سی بی یا آر سی ڈی جو ۳۰ ملی ایمپیئر حساسیت کے ساتھ ہو، عام طور پر گھریلو تحفظ کے لیے استعمال ہوتا ہے کیونکہ یہ معمولی کرنٹ اخراج کو بھی فوراً محسوس کرتا ہے اور بجلی منقطع کر کے نقصان کو کم سے کم کرتا ہے۔ مزید برآں، آر سی بی او (ریزیڈیول کرنٹ بریکر بمعہ اوور کرنٹ پروٹیکشن) کا استعمال کرنٹ کے اخراج اور اوور کرنٹ/شارٹ سرکٹ دونوں سے مشترکہ تحفظ فراہم کرتا ہے۔ یہ نظام برقی جھٹکوں، آگ لگنے یا آلات کے نقصان کے امکانات کو کم کرتا ہے۔
3.	Additionally, install a permanent earthing system to prevent electrical accidents. It ensures that any fault current when developed will directly flow to the ground, reducing the risk of electric shock, fire or equipment damage. The earthing system offer protection during overcurrent protective devices, fuses, or circuit breakers failure. Both systems should be designed to work together to protect human lives, equipment, and property.	اس کے علاوہ، اپنی جگہ پر ایک مستقل ارتھنگ نظام نصب کریں تاکہ برقی حادثات سے بچا جا سکے۔ یہ نظام اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ اگر کوئی خرابی پیدا ہو تو اس کا کرنٹ براہ راست زمین کی طرف خارج ہو، جس سے برقی جھٹکے، آگ یا آلات کو نقصان پہنچنے کے خطرات کم ہوں۔ یہ ارتھنگ نظام، اوور کرنٹ حفاظتی آلات، فیوز یا سرکٹ بریکرز کی خرابی کی صورت میں بھی تحفظ فراہم کرتا ہے۔ دونوں نظاموں کو اس طرح ڈیزائن کیا جائے کہ وہ ایک ساتھ مل کر انسانی زندگی، آلات اور املاک کی حفاظت کر سکیں۔
4.	Upon installation of these protective mechanisms, consumers shall arrange annual inspection, tests and maintenance by a qualified electrician for these protective mechanisms including faulty wires, fittings, holders, switches, sockets, plugs, lamps, fans, heaters, geysers and others appliances.	ان حفاظتی نظاموں کی تنصیب کے بعد، صارفین کو چاہیے کہ ان تمام حفاظتی نظاموں، جیسے کہ خراب تاریں، فٹنگز، ہولڈرز، سوئچز، ساکٹس، پلگز، بلب، پنکھے، ہیٹرز، گیزرز اور دیگر برقی آلات کی سالانہ معائنہ، جانچ اور مرمت کے لیے ایک مستند الیکٹریشن کی خدمات حاصل کریں۔

5.	Don't try to repair electrical items by yourself at home, shop or factory, call licensed electrician.	اپنے گھر، دکان یا کارخانے میں بجلی کی اشیاء کی مرمت کا کام خود نہ کریں بلکہ مستند الیکٹریشن کو بلائیں۔
6.	Conduct regular inspection of internal wiring at house, shop or factory by licensed electrician.	اپنے گھر، دکان یا کارخانے کی اندرونی وائرنگ کا باقاعدہ معائنہ مستند الیکٹریشن سے تواتر کے ساتھ کرواتے رہیں ۔
7.	Use three-pin plug instead of a two-pin plug for appliances and equipment's. Three-pin plug is primarily for safety reasons. Each of the three pins in the plug serves a distinct purpose: Live (or Hot) Pin: This pin provides the current to the appliance. Neutral Pin: This pin acts as the return path for the current. Earth (or Ground) Pin: This is a safety feature that provides a path for fault currents to flow to the ground, reducing the risk of fire or electric shock to the person while touches the live conductor or faulty appliances.	برقی آلات کے لیے دو پن والے پلگ کی بجائے تین پن پلگ استعمال کریں۔ تین پن والے پلگ میں لائیو پن: کرنٹ فراہم کرتا ہے۔ نیوٹرل پن: کرنٹ کی واپسی کا راستہ ہوتا ہے۔ ارتھ پن: فالٹ کرنٹ کے لیے زمین کی طرف راستہ فراہم کرتا ہے، جس سے آگ یا کرنٹ لگنے کے خطرات کم ہوتے ہیں۔
8.	During rain, maintain a distance of 10 feet (3 meters) from electric poles and broken wires.	بارش کے دوران بجلی کے کھمبوں اور ٹوٹی ہوئی تاروں سے (10 فٹ) تین میٹر کا فاصلہ رکھیں۔
9.	Keep children away from electric poles and wires, especially in rainy weather.	بچوں کو خصوصاً بارش کے موسم میں بجلی کے کھمبوں اور تاروں سے دور رکھیں۔
10.	Install electrical switches, sockets, plugs, holders, wires and extension cords at a suitable height, out of the reach of small children, fire and water.	بجلی کے سوئچ بورڈ، ساکٹ، پلگ، ہولڈر، تاریں اور ایکسٹینشن کورڈ کو ایسی اونچائی پر لگائیں جو بچوں، آگ اور پانی کی پہنچ سے دور ہو۔
11.	In the rain, don't ring the doorbell if you are soaking wet or if the doorbell is wet.	بارش میں، اگر آپ بھیگے ہوئے ہیں یا گھر کی گھنٹی (ڈور بیل) گیلی ہے تو ہرگزنہ بجائیں ۔
12.	Never touch electrical appliances with wet hands or bare feet, it can be fatal.	گیلی ہاتھوں یا ننگے پاؤں سے الیکٹریکل آلات کو ہرگز نہ چھوئیں، یہ جان لیوا ہو سکتا ہے۔
13.	Turn off the power and unplug the cord before making any adjustments to domestic or commercial appliances.	گھریلو یا تجارتی برقی آلات میں کسی بھی تبدیلی سے پہلے پاور بند کریں اور پلگ نکال دیں۔
14.	If the electrical switch board or appliances are wet or submerged in water, do not use them. Call a qualified electrician to check the appliance before use.	اگر الیکٹریکل بورڈ یا یا بجلی کے آلات گیلے یا پانی میں ڈوبا ہوے ہو، تو اسے استعمال نہ کریں۔ مستند الیکٹریشن سے چیک کروائیں۔

15.	When connecting two electrical cables, first wrap electrical tape around the exposed wires then apply waterproof tape, heat shrink tubing, or connectors to seal the connection and prevent moisture ingress during rain.	دو تاروں کو جوڑتے وقت پہلے ننگی تاروں پر الیکٹریکل ٹیپ لپیٹیں، پھر واٹر پروف ٹیپ، ہیٹ شرنک ٹیوب یا کنیکٹرز استعمال کریں تاکہ نمی اندر نہ جا سکے۔
16.	Don’t use metal wire or electrical poles to dry clothes.	کپڑے سکھانے کے لیے دھاتی تار یا بجلی کے کھمبے استعمال نہ کریں۔
17.	Use protective conduits for all indoor and outdoor electrical wiring.	اندرونی اور بیرونی بجلی کے کھلی تاروں کے لیے کنڈیوٹ استعمال کریں۔
18.	Overhead consumer service cables shall not be routed over or near the rooftops of consumer premises buildings or structures unless absolutely necessary, and in such cases, proper clearance and protective conduits must be used. Additionally, these consumer service cables shall not be routed above or on the rooftops or structures of other consumer buildings or properties.	اوورہیڈ کنزیومر سروس کیبلز کو ممکنہ حد تک صارف کی عمارت کی چھت یا اس کے قریب سے نہ گزارا جائے۔ اگر ناگزیر ہو تو مناسب کلیئرنس اور تحفظ یقینی بنایا جائے۔ مزید یہ کہ سروس کیبل دوسرے صارفین کی عمارتوں کی چھتوں یا جائیدادوں کے اوپر سے نہ گزاری جاہے۔
19.	Replace broken and defective electrical wiring, switches, sockets, plugs, holders and wires immediately otherwise they may cause accidents.	ٹوٹی یا خراب تاریں، سوئچز، ساکٹس، پلگ اور ہولڈرز فوراً تبدیل کیے جائیں ورنہ حادثے کا خطرہ ہے۔
20.	Don't insert bare wires directly into an electrical socket. Use a plug to be safe.	ننگی تار کو براہ راست بجلی کے ساکٹ میں ہرگز نہ ڈالیں، ہمیشہ پلگ استعمال کریں۔
21.	Don’t overload electrical switch, socket, plug and extension cords as it may lead to overheating and fire.	بجلی کے سوئچ، ساکٹ، پلگ اور ایکسٹینشن کورڈ کو اوورلوڈ نہ کریں، اس سے آگ لگنے کا خطرہ ہوتا ہے۔
22.	If there is no electricity or electrical appliances are not in use, turn them off and unplug them.	اگر بجلی نہ ہو یا بجلی کے آلات استعمال میں نہ ہو تو انہیں بند کرکے پلگ نکال لیں۔
23.	Don’t install direct hooking (kunda connection), there is a risk of electric shock and fire.	بجلی کے تاروں پر کنڈا مت لگائیں، اس سے کرنٹ لگنے کا خطرہ ہے۔
24.	Don't construct or extend the building under or near power lines. Maintain minimum safe clearances for overhead bare conductors from the vertical clearance above rooftops or horizontal clearance from the house, building or structure side, shall be,	بجلی کے تاروں کے نیچے یا اس کے قریب عمارت کی تعمیر اور توسیع نہ کریں۔ بجلی کے ننگی تاروں کے لیے چھت سے عمودی یا دیوار سے افقی کلیئرنس کے محفوظ فاصلوں کو ہر صورت ملحوظ رکھا جائے۔

No.	Voltage AC	Vertical	Horizontal
1.	400 Volts and below	8 feet (2.4 meters)	4 feet (1.2 meters)
2.	11 kV	12 feet (3.7 meters)	6 feet (1.8 meters)
3.	33 kV	12 feet (3.7 meters)	6 feet (1.8 meters)
4.	66 kV	20 feet (6.1 meters)	15 feet (4.6 meters)
5.	132 kV	20 feet (6.1 meters)	20 feet (6.1 meters)
6.	220 kV	21 feet (6.4 meters)	21 feet (6.4 meters)
7.	500 kV	25 feet (7.6 meters)	25 feet (7.6 meters)

25.	Roofs, especially those accessible for use as terraces or recreational areas, might require higher vertical clearances than sloped roofs. Roofs with installations such as solar panels, water tanks, or air-conditioning units might require more clearance for safety.	وہ چھتیں جو بطور تفریحی جگہ استعمال ہوتی ہیں، ان کے لیے عمودی فاصلہ نسبت زیادہ ہونا چاہیے۔ ایسی چھتیں جن پر سولر پینلز، پانی کی ٹنکیاں یا ایئرکنڈیشنر نصب ہوں، ان کے لیے حفاظت کے تقاضوں کے مطابق مزید کلیئرنس درکار ہو سکتی ہے۔
26.	Extra horizontal clearance is needed near windows, terraces, balconies or any extensions to prevent easy access to conductors.	کھڑکیوں، چھتوں، بالکونیوں یا دیگر توسیعات کے قریب افقی فاصلہ زیادہ ہونا چاہیے تاکہ تاروں تک آسان رسائی کو روکا جا سکے۔
27.	If the minimum safe vertical clearances above rooftops or the horizontal clearance from the side of a house, building, or structure are not met for overhead bare conductors, immediately contact the relevant Power Distribution Company to relocate the conductors or install insulated conductors in accordance with the Consumer Service Manual.	اگر ننگی تاروں کے لیے کم از کم محفوظ عمودی فاصلہ چھتوں سے یا افقی فاصلہ کسی گھر، عمارت یا تعمیرات کے پہلو سے پورا نہیں ہو رہا تو فوری طور پر متعلقہ پاور ڈسٹریبیوشن کمپنی سے رابطہ کریں تاکہ وہ تاروں کو منتقل کریں یا کنزیومر سروس مینول کے مطابق انسولیٹڈ (موصل شدہ) تاریں نصب کریں۔
28.	Shifting metallic materials at height near live conductors is highly dangerous due to the risk of electric shock or short circuits. This includes items such as metallic ladders, iron bars, metallic pipes, metallic scaffolding planks and tubes, metallic tools, metallic containers/buckets/drums, metallic roofing sheets, metal panels/plates, steel chains, metallic wire ropes, metallic furniture such as desks, chairs, filing cabinets or beds, metallic doors, gates, poles or wire mesh, and metallic conduits or ducts.	برقی تاروں کے قریب اونچائی پر دھات سے بنی اشیاء منتقل کرنا انتہائی خطرناک ہے، کیونکہ اس سے کرنٹ لگنے یا شارٹ سرکٹ کا خطرہ ہوتا ہے۔ ان اشیاء میں شامل ہیں دھاتی سیڑھیاں، لوہے کی سلاخیں، دھاتی پائپ، دھاتی سکیفولڈنگ کے تختے اور ٹیوبز، دھاتی اوزار، دھاتی ڈبے/بالٹیاں/ڈرم، دھاتی چھت کی چادریں، اسٹیل کی زنجیر، دھاتی رسی، دھاتی فرنیچر (جیسے میز، کرسیاں، فائل کیبنٹس یا بیڈز)، دھاتی دروازے، گیٹ، لوہے کی جالی، دھاتی نالی یا ڈکٹ۔

	To ensure safety, follow these precautions: Contact the relevant Power Distribution Company to arrange a power shutdown before shifting any material. Keep a safe distance from live conductors. Use non-metallic ladders, scaffolding material, and tools near live conductors. Wear appropriate PPE such as insulated gloves, sleeves, non-conductive helmet and safety shoes. Use dry physical barriers or guards to prevent accidental contact with live conductors, such as voltage-rated portable rubber insulated floor mats, insulated working supports or blankets, rubber/plastic plates, or any other non-conductive objects like plywood barriers.	محفوظ رہنے کے لیے درج ذیل احتیاطی تدابیر اختیار کریں متعلقہ پاور ڈسٹریبیوشن کمپنی سے رابطہ کریں تاکہ سامان منتقل کرنے سے پہلے بجلی بند کی جاسکے۔ تاروں سے محفوظ فاصلہ رکھیں۔ تاروں کے قریب غیر دھاتی سیڑھی، سکیفولڈنگ اور اوزار استعمال کریں۔ مناسب حفاظتی لباس استعمال کریں جیسے کہ غیر مناسب ذاتی حفاظتی سامان موصل دستانے، غیر موصل آستینیں، غیرموصل ہیلمٹ اور حفاظتی جوتے۔ تاروں سے حادثاتی رابطہ روکنے کے لیے خشک حفاظتی رکاوٹیں استعمال کریں، جیسے انسولیٹڈ ربڑ میٹ، ربڑ کورز، پلاسٹک شیٹس یا پلائی ووڈ بورڈز۔
29.	Don't fly kites near power lines as the kite metallic or wet strings can cause an electric shock.	بجلی کے تاروں کے قریب پتنگ نہ اڑائیں، کیونکہ دھاتی یا گیلی ڈور سے کرنٹ لگنے کا خطرہ ہوتا ہے۔
30.	Don’t tie your livestock or pets to electric poles or wires.	اپنے مویشی یا پالتو جانوروں کو بجلی کے کھمبوں یا تاروں کے ساتھ نہ باندھیں۔
31.	Avoid planting vegetation or trees under or near to electrical installations and power lines.	بجلی کے تنصیبات یا لائنوں کے نیچے یا قریب پودے یا درخت نہ لگائیں۔
32.	Don't excavate near power lines or dig boreholes for water. Contact the power company for guidance.	بجلی کی تاروں کے قریب کھدائی یا پانی کے لیے بورنگ نہ کریں۔ رہنمائی کے لیے متعلقہ پاور ڈسٹریبیوشن کمپنی سے رابطہ کریں۔
33.	Don’t drive or park overloaded vehicles beneath power lines.	بجلی کی لائنوں کے نیچے اوور لوڈ گاڑیاں نہ چلائیں اور نہ ہی کھڑی کریں۔
34.	Don't approach or cross power lines or poles if they fall, notify the power company immediately.	اگر بجلی کی تاریں یا کھمبے گر جائیں تو ان کے قریب نہ جائیں اور عبور کرنے سے اجتناب کریں۔ فوری طور پر متعلقہ پاور ڈسٹریبیوشن کمپنی کو اطلاع دیں۔
35.	If power lines are broken and fell into the water, don’t touch conductor or step into the water, assume that there is current in it.	اگر بجلی کی تاریں ٹوٹ کر پانی میں گر جائیں تو تاروں کو ہاتھ نہ لگائیں اور نہ ہی پانی میں قدم رکھیں، یہ سمجھیں کہ اس میں کرنٹ موجود ہے۔
36.	Never touch or remove anything that comes in contact with power lines. Call Electricity Company for assistance.	اگر بجلی کے تار کے ساتھ کوئی چیز لگ جائے تو ہاتھ نہ لگائیں اور نہ ہی ہٹانے کی کوشش کریں۔ فوری طور پر متعلقہ پاور ڈسٹریبیوشن کمپنی کو اطلاع دیں۔

37.	Repair your dedicated transformer only at the manufacturer's facility, the Distribution Company's own workshop, or an authorized private workshop, equipped with appropriate testing facilities to ensure reliability and integrity.	اپنا مخصوص ٹرانسفارمر صرف مینوفیکچرر کے ورکشاپ ، ڈسٹریبیوشن کمپنی کے ورکشاپ یا کسی مجاز نجی ورکشاپ سے ہی مرمت کروائیں جہاں مناسب ٹیسٹنگ سہولیات موجود ہوں تاکہ ٹرانسفارمر کی قابل اعتماد مرمت ہو سکے۔